أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ (الحدیث)
ترجمہ: میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

ختم نبوت کوئیز

ختم نبوت کوئیز

حصہ اول

ناشر
ختم نبوت کونسل حیدرآباد
+91 8008870286 Khatme Nubuwwat Council

ختمِ نبوت کوئز

حصہ اول

ناشر

ختم نبوت کونسل حیدرآباد

+91 8008870286 Khatme Nubuwwat Council

تفصیلات کتاب

نام کتاب: ختم نبوت کوئیز حصہ اول

انتساب: سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا

مرتب: حافظ محمد عبدالمنان، معتمد ختم نبوت کونسل

اشاعت: محرم الحرام 1446 ہجری مطابق جولائی 2024 عیسوی

تعداد: 3000

قیمت: 50/-

مطبوعہ: مبارک پریس، علی نگر، حیدرآباد۔

ناشر: ختم نبوت کونسل حیدرآباد

ملنے کے پتے

☆ ختم نبوت کونسل حیدرآباد فون: 8008870286

☆ دکن ٹریڈرس، مغل پورہ، حیدرآباد۔ فون: 7416321777

☆ عرشی کتاب گھر، میر عالم منڈی، حیدرآباد۔ فون: 9440068759

☆ مکتبہ امام ربانی، شیخ پورہ روڈ قنوج، یوپی۔ فون: 9889298471

Kitab ki Audio Book keliye SCAN Karen

+91 8008870286 Khatme Nubuwwat Council

حصۂ اول

1-نبی اور رسول

01: نبی اور رسول کون ہیں؟

ج: نبی اور رسول اللہ تعالیٰ کے منتخب اور مقبول بندے ہیں۔

02: نبی اور رسول کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں کیوں بھیجا؟

ج: نبی اور رسول کو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی ہدایت کے لئے دنیا میں بھیجا۔

03: نبی اور رسول کا مقام کیا ہے؟

ج: نبی اور رسول اللہ تعالیٰ کے نائب اور خلیفہ ہیں۔

04: نبی اور رسول کے اوصاف بتایئے؟

ج: نبی اور رسول گناہوں سے پاک اور ہدایت یافتہ ہیں۔

05: رسول کسے کہتے ہیں؟

ج: جنہیں نئی کتاب اور نئی شریعت دی گئی اُنہیں رسول کہتے ہیں۔

06: رسول کی جمع کیا ہے؟

ج: رسول کی جمع رُسُل ہے۔

07: رُسُل کی تعداد کتنی ہے؟

ج: رُسُل کی تعداد تقریباً تین سو تیرہ (313) ہے۔

08: نبی کسے کہتے ہیں؟

ج: جنہیں نئی کتاب و نئی شریعت نہیں دی گئی انہیں نبی کہتے ہیں۔

09: نبی کی جمع کیا ہے؟

ج: نبی کی جمع انبیاء ہے۔

10: انبیاء کی تعداد کتنی ہے؟

ج: انبیاء کی تعداد کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار (1,24,000) ہے۔

11: کیا ہر نبی اور رسول پر ایمان لانا ضروری ہے؟

ج: ہاں! ہر نبی اور رسول پر ایمان لانا ضروری ہے۔

12: چند مشہور رسل کے نام بتائیے۔

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

13: چند مشہور انبیاء کے نام بتائیے۔

ج: حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام

14: کیا کوئی شخص علم وعبادت کے ذریعہ نبی بن سکتا ہے؟

ج: نہیں، کوئی شخص علم وعبادت کے ذریعہ نبی نہیں بن سکتا بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کا انتخاب ہوتا ہے۔

2-انبیائے کرام علیہم السلام

15: سب سے پہلے نبی کون ہے؟

ج: سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہے۔

16: تمام انبیاء کے سردار کون ہے؟

ج: تمام انبیاء کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

17: قرآن مجید میں کتنے انبیائے کرام کے نام ہیں؟

ج: قرآن مجید میں 25 انبیائے کرام کے نام ہیں۔

18: اُولُوالْعَزْم پیغمبر کسے کہتے ہیں؟

ج: تمام انبیاء میں سب سے افضل انبیاء کو اُولُوالْعَزْم پیغمبر کہتے ہیں اور وہ 5 ہیں۔

19: اولوالعزم پیغمبر کے نام بتائیے؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام

20: وہ کونسے رسول ہے جنہوں نے سب سے پہلے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا؟

ج: وہ حضرت نوح علیہ السلام ہے جنہوں نے سب سے پہلے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا۔

21: وہ کونسے نبی ہے جنہیں قوم عاد کی طرف بھیجا گیا؟

ج: وہ حضرت ہود علیہ السلام ہے جنہیں قوم عاد کی طرف بھیجا گیا۔

22: وہ کونسے نبی ہے جنہیں قوم ثمود کی طرف بھیجا گیا؟

ج: وہ حضرت صالح علیہ السلام ہے جنہیں قوم ثمود کی طرف بھیجا گیا۔

23: وہ کونسے نبی ہے جنہوں نے مکہ کو حرم بنایا؟

ج: وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہے جنہوں نے مکہ کو حرم بنایا۔

24: وہ کونسے رسول ہے جنہیں تورات دی گئی؟

ج: وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہے جنہیں تورات دی گئی۔

25: وہ کونسے رسول ہے جو مُردوں کو زندہ کرتے تھے؟

ج: وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہے جو مُردوں کو زندہ کرتے تھے۔

3- سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

26: سب سے آخری نبی اور رسول کون ہیں؟

ج: سب سے آخری نبی اور رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

27: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخری نبی سے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

28: کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہو سکتا ہے؟

ج: نہیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔

29: ختم نبوت کسے کہتے ہیں؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں، اسی کو ختم نبوت کہتے ہیں۔

30: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ختم نبوت سے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر نبوت ختم کر دی گئی۔

4- سیرت آخری نبی ﷺ

31: حضور ﷺ کی ولادت مبارکہ کہاں ہوئی؟

ج: حضور ﷺ کی ولادت مبارکہ مکہ مکرمہ میں ہوئی۔

32: حضور ﷺ کی ولادت مبارکہ کب ہوئی؟

ج: حضور ﷺ کی ولادت مبارکہ 12 ربیع الاول بروز پیر صبح صادق کے وقت ہوئی۔

33: حضور ﷺ کے والد محترم کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے والد محترم کا نام حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہے۔

34: حضور ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا ہے۔

35: حضور ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے دادا کا نام حضرت عَبْدُ الْمُطَّلِبْ ہے۔

36: حضور ﷺ کے نانا کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے نانا کا نام حضرت وہب ہے۔

37: حضور ﷺ کا نام مبارک کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کا نام مبارک حضرت محمد ﷺ ہے۔

38: حضور ﷺ کے دو مشہور نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے دو مشہور نام محمد اور احمد ہے۔

39: حضور ﷺ کے ہاں کتنے صاحبزادے ہوئے؟

ج: حضور ﷺ کے ہاں 3 صاحبزادے ہوئے۔

40: حضور ﷺ کے ہاں کتنی صاحبزادیاں ہوئی؟

ج: حضور ﷺ کے ہاں 4 صاحبزادیاں ہوئی۔

41: اعلانِ نبوت کے وقت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کیا تھی؟
ج: اعلانِ نبوت کے وقت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک چالیس (40) سال تھی۔

42: حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کونسی کتاب نازل ہوئی؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید نازل ہوئی۔

43: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں کتنے سال قیام فرمایا؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں 53 سال قیام فرمایا۔

44: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں کتنے سال قیام فرمایا؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں 10 سال قیام فرمایا۔

45: وصال مبارک کے وقت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کیا تھی؟
ج: وصال مبارک کے وقت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک ترسٹھ (63) سال تھی۔

46: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک کب ہوا؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک 12 ربیع الاول 11 ہجری میں ہوا۔

47: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک کہاں ہوا؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک مدینہ منورہ میں ہوا۔

48: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس کے لئے رحمت ہیں؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوقات کے لیے رحمت ہیں۔

49: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کیسے ہیں؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق سب سے بہترین ہیں۔

50: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھے اخلاق سے متعلق کیا فرمایا؟
ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچھے اخلاق آدھا دین ہے۔

★★★★★